© rasailojaraid.com

# افکار و تاثرات

## قارئین بنام مدیر

جناب ارشاد احمد حقانی ممتاز دانشور، کالم نگار روزنامہ جنگ۔ جناب افتخار عارف صاحب ممتاز شاعر صدر نشین مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد۔ جناب (ر) بریگیڈیر ڈاکٹر حافظ مولانا فیوض الرحمان، ادیب 'سوانح نگار۔ جناب مولانا عیسیٰ منصور صاحب لنڈن۔ جناب پروفیسر مظفر عباسی صاحب، ماہر لسانیات۔ ہومیو ڈاکٹر اصغر حسن، حافظ آباد۔ راجہ رشید محمود مدیر 'نعت'

مکرمی و محترمی جناب حضرت مولانا سمیع الحق صاحب

السلام علیکم!

آپ کا گرامی نامہ ملا جس کے لئے شکر گزار ہوں میرا اپنا روزانہ لکھنے کا کام اسقدر زیادہ ہے کہ کسی دوسرے جریدے کے لیے لکھنے کا بالعموم وقت نہیں نکلتا۔ کچھ انتظامی ذمہ داریاں بھی ہیں لیکن کوشش کرونگا کہ "الحق" کے خصوصی ایڈیشن کے لئے کچھ ارسال کر سکوں۔ آپ نے موضوع کا انتخاب بہت بروقت اور برمحل کیا ہے۔ اللہ آپکی اس کوشش کو برکت عطا کرے۔ اپنے سٹاف سے ابھی کہہ دیں کہ جب یہ خصوصی نمبر نکلے تو مجھے لازماً ارسال کریں۔ مجھے آج تک آپ کا دارالعلوم دیکھنے کا موقع نہیں ملا کبھی اس طرف آیا تو ضرور یہ سعادت حاصل کرونگا۔

مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ والسلام ارشاد احمد حقانی روزنامہ جنگ لاہور

---

والا مقام حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ العالی،

سلام و رحمت! آپکا مکتوب گرامی موصول ہوا جس میں یہ خوش کن خبر بھی موجود ہے کہ ماہنامہ "الحق" کا ایک خصوصی نمبر "اکیسویں صدی کے چیلنجز اور عالم اسلام" کے موضوع پر شائع کیا جارہا ہے۔ یہ بلاشبہ ایک علمی خدمت ہوگی۔ مقتدرہ کے اہل علم کو یہ فہرست مہیا کردی گئی۔ اردو زبان کے حوالے سے اگر کوئی تحریر "الحق" کے شایان شان کسی صاحب علم نے مکمل کردی تو بصد ادب ارسال کردی جائیگی۔ خدا کرے مزاج گرامی بخیر ہوں۔

والسلام افتخار عارف (صدر نشین) مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد


© rasailojaraid.com